PRESS RELEASE پریس ریلیز (also emailed*/faxed separately)

# گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا رائے عامہ سروے

## موضوع: "توانائی"

## "بجلی"

# تقریباً پاکستانیوں کی اکثریت (42%) کے مطابق اُنھوں نے دو گھنٹے یا اس سے کم بجلی کی لوڈشیڈنگ کا سامنا کیا، جبکہ 15% پاکستانیوں کا دعوی ہے کہ اُنھوں نے گزشتہ کل 9 یا اس سے زائد گھنٹے لوڈشیڈنگ کا سامنا کیا: گیلپ & گیلانی پاکستان،

اسلام آباد، 14 مارچ، 2018


گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، تقریباً پاکستانیوں کی اکثریت (42%) کے مطابق اُنھوں نے دو گھنٹے یا اس سے کم بجلی کی لوڈشیڈنگ کا سامنا کیا، جبکہ 15% پاکستانیوں کا دعوی ہے کہ اُنھوں نے گزشتہ کل 9 یا اس سے زائد گھنٹے لوڈشیڈنگ کا سامنا کیا۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا کہ، **"برائے مہربانی بتائیں کہ گزشتہ کل آپ کے علاقے میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ کتنا تھا؟"**، اس سوال کے جواب میں 42% جوابدہندگان کے مطابق گزشتہ کل اُن کے علاقے میں بجلی کی لوڈشیڈنگ نہیں ہوئی یا اس کا دورانیہ دو گھنٹوں سے کم تھا، 22% جوابدہندگان کے مطابق گزشتہ کل اُن کے علاقے میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ تین سے پانچ گھنٹے تھا، 21% جوابدہندگان کے مطابق چھ سے آٹھ گھنٹے، 9% جوابدہندگان کے مطابق نو سے بارہ گھنٹے، جبکہ 6% جوابدہندگان کے مطابق ان کے علاقے میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ بارہ گھنٹوں سے زائد تھا۔

یہی سوال جون 2017 میں بھی پوچھا گیا تھا، اس سوال کے جواب میں 13% جوابدہندگان کے مطابق گزشتہ کل اُن کے علاقے میں بجلی کی لوڈشیڈنگ نہیں ہوئی یا اس کا دورانیہ دو گھنٹوں سے کم تھا، 30% جوابدہندگان کے مطابق تین سے پانچ گھنٹے، 23% جوابدہندگان کے مطابق چھ سے آٹھ گھنٹے، 18% جوابدہندگان کے مطابق نو سے بارہ گھنٹے، جبکہ 14% جوابدہندگان کے مطابق ان کے علاقے میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ بارہ گھنٹوں سے زائد تھا، تاہم 2% افراد نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

آٹھ ماہ کے عرصے کے دوران، چھ گھنٹے سے زائد بجلی کی لوڈشیڈنگ کا سامنا کرنے والے گھرانوں کی شرح میں نمایاں کمی آئی ہے (جون 2017 سے لے کر اب تک 19% کمی)۔ جبکہ دوسری طرف، بجلی کی لوڈشیڈنگ نہیں ہوتی یا دو گھنٹوں سے کم لوڈشیڈنگ کے دورانیہ کا سامنا کرنے والے پاکستانیوں کی شرح میں 29% اضافہ ہوا ہے۔ بجلی کی لوڈشیڈنگ کے دورانیے میں کمی ہوئی ہے، لیکن یہ نتائج وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی کے حالیہ دعویٰ کہ "ملک میں لوڈ شیڈنگ ختم کردی گئی ہے" کی تردید کرتے ہیں۔

" برائے مہربانی بتائیں کہ گزشتہ کل آپ کے علاقے میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا دورانیہ کتنا تھا ؟"




*Source: Gallup & Gilani Pakistan Poll*

*Field work conducted by Gallup & Gilani Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*

*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1781 مرد و خواتین سے 08جنوری تا 15 جنوری 2018 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, March 14, 2018**

*(2 Pages, Urdu version Only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* www.gallup-international.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan and Gilani Research foundation are a nonpartisan fact tank and think tank respectively. As a neutral source of data and analysis, both organizations do not take policy positions.*

Daily Gilani Poll
2018

celebrating
38
years
of Gallup Pakistan
(1980-2018)